## سوال

(38) ممنوع وقت میں نماز جنازہ

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیا ممنوع وقت میں نماز جنازہ پڑھنا جائز ہے؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

نماز جنازہ ممانعت کے ان اوقات میں تو جائز ہے جن میں وسعت ہے مثلا عصر یا فجر کے بعد لیکن وہ اوقات جو تنگ ہیں ان میں جائز نہیں مثلا غروب آفتان کے وقت حتیٰ کہ سورج غروب ہوجائے، طلوع آفتاب کے وقت حتیٰ کہ ایک نیزہ کی مقدار برابر سورج بلند ہوجائے اور دوپہر کے وقت حتیٰ کہ زوال شروع ہوجائے۔ یاد رہے ان اوقات میں میت کو دفن کرنا بھی جائز نہیں ہے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

**فتاویٰ اسلامیہ**

**کتاب الجنائز: ج 2 صفحہ 50**